**28-08-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب..........یہ آ کاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فیصل خان

**Music**

------------------------------

- ☆ پردھان منتری جن دھن یوجنا کو آج دَس سال مکمل ہوگئے ہیں۔اَب تک 53 کروڑ سے زیادہ بینک کھاتے کھولے جاچکے ہیں۔
- ☆ وزیراعظم نریندرمودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا ہے کہ جن دھن یوجنا نے مالی شمولیت کو فروغ اور کروڑوں افراد کو پُروقار زندگی فراہم کی ہے۔
- ☆ قومی ٹاسک فورس نے طبی شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد کی سلامتی سے متعلق اقدامات پر تبادلۂ خیال کیلئے ریاست کے چیف سکریٹریوں اور پولیس کے ڈائرکٹر جنرل صاحبان کے ساتھ میٹنگ کی ہے۔
- ☆ جموں کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام آج کیا جارہا ہے۔
- ☆ بھارتی موسمیات محکمہ نے گجرات کے مختلف ضلعوں کیلئے ریڈ الرٹ اور اچانک سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔ بچاؤ اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔
- ☆ اور پیرس میں آج رات پیرالمپکس گیمس 2024 کا آغاز ہورہا ہے۔ ان کھیلوں میں 84 بھارتی کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

**JAN DHAN**

حکومت کی مالی شمولیت سے متعلق سرکردہ اسکیم پردھان منتری جن دھن یوجنا کو آج دَس سال مکمل ہوگئے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت 53 کروڑ سے زیادہ افراد کے بینک کھاتے کھولے گئے۔ وزیراعظم نریندرمودی نے سبھی مستفدین کو مبارکباد دی ہے اور اِس اسکیم کو کامیاب بنانے کیلئے اظہار تشکر کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ جن دھن یوجنا مالی شمولیت کو فروغ دینے اور کروڑوں افراد، خاص طور سے خواتین، نوجوانوں اور حاشیہ پر رہ رہی برادریوں کو پُروقار زندگی فراہم کرنے میں اہم ثابت ہوئی ہے۔ مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ یہ اسکیم غریبوں کو اقتصادی اعتبار سے اصل دھارے میں شامل کرتی ہے اور حاشیہ پر رَہ رہی برادریوں کی ترقی میں ایک کلیدی رول ادا کررہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ 67 فیصد کھاتے دیہی یا نیم شہری علاقوں میں کھولے گئے ہیں اور 55 فیصد کھاتے خواتین کے ہیں۔

**NTF-MEET**

قومی ٹاسک فورس (این ٹی ایف) نے ریاستوں کے چیف سکریٹریوں اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کے ساتھ میٹنگ کی، تا کہ ڈاکٹروں اور طبی عملے کی سیکورٹی کے لیے قلیل مدتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ امور داخلہ کے مرکزی سکریٹری اور صحت کے محکمہ کے سکریٹری نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ مشترکہ طور پر اِس میٹنگ کی صدارت کی۔ سپریم کورٹ نے یہ ٹاسک فورس قائم کی ہے۔ ٹاسک فورس سے کہا گیا ہے کہ وہ طبی پیشے سے وابستہ افراد کی سلامتی، تحفظ اور کام کاج کے حالات کے بارے میں سفارشات کرے۔کل مرکزی کابینہ سکریٹری نے نئی دلی میں ٹاسک فورس کی پہلی میٹنگ کی صدارت کی تھی۔ میٹنگ میں بہت سے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ٹاسک فورس کے اراکین نے اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ این ٹی ایف کے ممبروں نے بتایا ہے کہ مختلف افراد نے براہ راست اُن سے رابطہ قائم کیاہے اور انفرادی طور پر انہیں لگ بھگ 300 سے 400 تجاویز موصول ہوئی ہیں۔ مرکزی وزارت صحت نے اِس سلسلے میں اپنی ویب سائٹ پر Suggestion to NTF کے عنوان سے ایک قومی پورٹل بنایا ہے، تا کہ ملک بھر کے لوگ اپنی تجاویز پیش کرسکیں۔

**WB-Strike**

بنگال میں بی جے پی کی طرف سے کرائے گئے 12 گھنٹے کے بند کا ملا جلا اثر پڑا ہے۔ کولکاتا میں کم ٹریفک چل رہا ہے۔ دکانیں، اسکول اور کالج کھلے ہوئے ہیں۔ بسیں، ٹیکسیاں اورپرائیویٹ کاریں کم تعداد میں چل رہی ہیں۔ ہوائی جہازوں کی پروازیں اور شہر میں میٹرو کی آمد ورفت معمول کے مطابق جاری ہیں۔ ہڑتال کی وجہ سے کولکاتا اور ملحقہ اضلاع میں مضافاتی ٹرین سروس متاثر ہوئی ہے۔ علی پور دوار اور ندی گرام میں سڑک ٹریفک پر بھی ہڑتال کا اثر پڑا ہے۔سڑک بلاک کرنے کی وجہ سے مالدہ میں ٹی ایم سی اور بی جے پی کے کارکنوں کے درمیان جھڑپوں کی اطلاع ملی ہے۔ شمالی 24 پرگنہ ضلع کے بارک پور ریلوے اسٹیشن پر بھی بی جے پی اور ٹی ایم سی کے حامیوں کے درمیان جھڑپوں کی خبریں مل رہی ہیں۔ بارک پور میں فائرنگ کا ایک واقعہ بھی پیش آیا ہے۔ پولیس نے بارک پور میں بی جے پی کے ایک رہنما کو نظربند کیا ہے۔ طلبا پر پولیس کے مبینہ ظلم وستم کے خلاف احتجاج کرنے کیلئے یہ بند کرایا گیا ہے۔ طلبا نے کل Nabanna میں ریاستی سکریٹریٹ کے قریب ایک ریلی میں حصہ لیا تھا اور وہ آرجی کار آبروریزی اورقتل کے مجرموں کو سزا دینے کی مانگ کررہے تھے۔

**JPC Waqf Suggestion**

وقف ترمیمی بل 2024 کے بارے میں پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے عوام، غیر سرکاری تنظیموںNGOs، ماہرین، متعلقہ فریقوں اور اداروں سے ان کے نظریات اور تجاویز طلب کی ہیں۔لوک سبھا سکریٹریٹ نے ایک باضابطہ بیان میں کہا ہے کہ کمیٹی کو تحریری تجاویز بھیجنے کے خواہشمند افراد، لوک سبھا سکریٹریٹ کے جوائنٹ سکریٹری کو انگریزی یا ہندی میں دو کاپیاں ارسال کر سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ وہ Jpcwaqf-lss@sansad.nic.in پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔یہ تجاویز، اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر اندر پہنچنی چاہئیں۔ x

**J&K Nomination Secutiny**

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام آج کیا جارہا ہے۔ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے اِس مرحلے کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا کام کل شام ختم ہوگیا۔ اِس مرحلے میں چھ ضلعوں میں پھیلے چوبیں حلقوں میں اٹھارہ ستمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 30 اگست ہے۔ اگلے دو مرحلوں کے لیے ووٹنگ 25 ستمبر اور پہلی اکتوبر کو ہوگی۔نتیجوں کا اعلان چار اکتوبر کو کیا جائے گا۔ x

**Trai Spam**

بھارت کی ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی TRAI کے چیئرمین انل کمار Lahoti نے SPAM یعنی غیر مطلوب پیغامات اور کالس کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔کل نئی دلّی میں TRAI کی انضباطی مشترکہ کمیٹی کی میٹنگ ہوئی، جس کا مقصد صارفین کو SPAM کالس اور فرضی پیغامات کے خطرات سے تحفظ فراہم کرنا تھا۔ x

**Assam Aadhar Card**

آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے آج کہا ہے کہ مرکز ریاست کے 9 لاکھ 35 ہزار سے زیادہ باشندوں کیلئے آدھار کارڈ جاری کرے گا۔ گوہاٹی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 2019 میں فروری اور اگست کے درمیان ریاست میں NRC سے متعلق بایو میٹرک کے سبب آدھار جاری کرنے کا عمل روک دیا گیاتھا۔ جناب سرما نے کہا کہ انھوں نے اِس معاملے کے بارے میں آگاہ کرنے کیلئے حال ہی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی تھی۔x

**Assam Asmebly**

آسام حکومت نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ آسام بنگلہ دیش سرحد کو مکمل طور پر بند کرنے کیلئے مرکز اور ریاستی حکومت کی جانب سے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ریاست کے زراعت کے محکمہ کے وزیر اتل بورا نے ریاستی اسمبلی کو آج مطلع کیا کہ سرحد پر باڑھ لگانے سے غیر قانونی طور پر ترک وطن کرنے والوں کی روک تھام کی جاسکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سرحد پر صرف چار اعشاریہ تین پانچ کلومیٹر علاقے میں باڑھ

لگانے کا کام باقی بچا ہے۔ وزیر موصوف نے ایوان کو مطلع کیا کہ بنگلہ دیش کے سرحدی گارڈس نے باڑھ لگانے کے معاملے پر کچھ اعتراضات کیے تھے، جن کا ازالہ کرلیا گیا ہے۔x

## Heavy Rain

بھارت کے محکمہ موسمیات نے سوراشٹر اور کچھ میں کہیں کہیں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کے ساتھ اگلے 48 گھنٹے کے لیے گجرات کے مختلف ضلعوں میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے احمد آباد، وڈودرا سمیت گجرات کے کئی ضلعوں کے لیے اچانک سیلاب کے خطرے کے تعلق سے بھی الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ ریاست کی 200 سے زیادہ تحصیل میں پچھلے چوبیس گھنٹے کے دوران ہلکی سے شدید بارش درج کی گئی ہے۔ نچلے علاقوں میں رہ رہے 23 ہزار سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے جبکہ 1600 سے زیادہ کو بچایا گیا ہے۔اِس دوران پچھلے 24 گھنٹے کے دوران گجرات میں دور دور تک بارش ہوئی ہے۔ بہار میں بھاگلپور، منگیر، مغربی چمپارن، کھگڑیا، کٹیہار اور کچھ دیگر اضلاع میں سیلاب کی صورتحال کی وجہ سے ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں۔اِس دوران، بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے ملک کے مغربی، وسطی اور ساحلی حصوں میں اگلے دو سے تین روز کے دوران موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Mumbai Train

گجرات کے وڈودرا میں شدید بارش کے سبب ممبئی سے گجرات کے لیے مختلف ایکسپریس ریل گاڑیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔ اِن میں سواراشٹر جنتا ایکسپریس، لوک شکتی ایکسپریس اور سواراشٹر میل شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ ریل گاڑیوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے اور وہ تاخیر سے چل رہی ہیں۔ کئی مسافروں کو اِن تبدیلیوں کے بارے میں معلومات نہ ہونے کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ x

## UNSC Reforms Postponed

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی نے سلامتی کونسل میں توسیع کے بارے میں بحث ومباحثہ کو اتفاق رائے سے اگلے اجلاس تک ملتوی کردیا ہے۔ بھارت کے نائب مستقل نمائندے یوجنا پٹیل نے اِس فیصلے پر نکتہ چینی کی اور خبردار کیا کہ اگر بین سرکاری مذاکراتی عمل (آئی جی این) میں کوئی پیش رفت نہیں ہوتی ہے تو اِس کے افادیت کھو دینے کا خطرہ ہے۔ بین سرکاری مذاکراتی عمل کا یہ سلسلہ 2009 میں شروع ہوا تھا، لیکن 12 ملکوں کے گروپ کی طرف سے مخالفت کے نتیجے میں اِسے بار بار ملتوی کیا جاتا رہا ہے۔ اِن ملکوں میں اٹلی، پاکستان اور کناڈا بھی شامل ہے۔x

## Jitin Pharma Exhibition

تجارت وصنعت کے وزیرمملکت جتن پرساد نے اِس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ 2030 تک بھارت کا دوا سازی کا شعبہ ایک کھرب 30 ارب ڈالر کی مالیت کا ہوجائے گا، جبکہ یہ اِس وقت لگ بھگ 55 ارب ڈالر کا ہے۔ انہوں نے یہ بات گریٹر نوئیڈا میں انڈیا ایکسپو میں دوا سازی سے متعلق دسویں بین الاقوامی نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔

## Paralympic Games

پیرالمپکس گیمس 2024 کا آج پیرس میں باضابطہ طور پر آغاز ہو رہا ہے۔ یہ کھیل 8 ستمبر تک جاری رہیں گے۔اِس کی افتتاحی تقریب بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے گیارہ بجے شروع ہوگی۔ پیرس پیرالمپکس میں بھارت کے کُل 84 پیرا ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ پیرالمپکس کی تاریخ میں یہ بھارت کا سب سے بڑا دستہ ہے۔ بھارت، کھیل کود کے 22 مقابلوں میں سے 12 میں حصہ لے گا۔ بھارت کی Shot-Put کھلاڑی اور 2022 میں پیراگیمس میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی Bhagyashree Jadhav اور نیزہ پھینکنے کے سرکردہ کھلاڑی اور موجودہ عالمی ریکارڈ رکھنے والے سُمت Antil پیرالمپکس 2024 میں بھارت کے پرچم بردار ہوں گے۔کُل بھارتیہ کھلاڑی پیرا تیر اندازی، پیرا سائکلنگ، پیرا تائیکوانڈو، پیرا تیراکی اور پیرا ٹیبل ٹینس میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ پیرا ایتھلیٹکس کی شروعات جمعہ سے ہوگی، جس میں 38 بھارتی کھلاڑی شرکت کریں گے۔پیرس میں پیرالمپکس 2024 نو ستمبر کو اختتامی تقریب کے ساتھ ختم ہوجائیں گے۔x

XXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXXX